1989ء سے مسلسل اشاعت | 9 اپریل تا 22 اپریل 2021 | شمارہ نمبر 16-15 | جلد نمبر 33

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

ANM AN M TRADING CO
Importer : Paper & Paper Board
Deals in:
OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND
Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)
COATED ART PAPER & ART CARD
1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED
PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER
Winner of Brands of the year Award 2010 / 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking
First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 | PEFC | China Environment Friendly Enterprise | ISO9001 | ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper products

IBM™
PAKISTAN




**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINAR SPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS



| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |

## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINAR SPECTRA
COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# 2003: 490 ڈیمانڈ نوٹسز پر 15 فیصد جمع کرائی گئی رقوم کے ریفنڈ ہونے کے امکانات روشن

## سندھ ہائی کورٹ نے کسٹم کی اپیلیں مسترد کردیں۔ اس کیس میں ٹائم بارڈ کے قانون کا اطلاق نہیں ہوتا۔ 26 مارچ 2021 کو فیصلہ جاری، محمد سلیم بیکیا کی 18 سالہ جدوجہد کامیاب

## انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا جلد ہی ریفنڈ کی وصولی کی کارروائی پر لائحہ عمل مرتب کریں گے، کامیابی پر پیپر مرچنٹس کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا نے کہا ہے کہ اللہ کے فضل و کرم سے پیپر مرچنٹس کے اتحاد کے باعث ہماری اٹھارہ سالہ جدوجہد کامیاب ہوگئی ہے اور کسٹم نے 2003 میں ہمارے صارفین اور دیگر امپورٹرز سے جبری طور پر جو رقوم وصول کی تھیں اس کو واپس دلانے کے لیے راہ ہموار ہوگئی ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا ہے کہ میں نے 2003 میں کئے گئے اپنے وعدے کی پاسداری کی اور کیس کو راستے میں نہیں چھوڑا اور بالآخر کامیابی حاصل ہوئی۔ محمد سلیم بیکیا نے اس سلسلے میں سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے 26 مارچ کو جاری کئے گئے حکم کی نقول ارسال کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ ہائی کورٹ نے کلکٹر کسٹم کی ایڈیشنل کلکٹر کسٹم (لاء) ماڈل کسٹم کلکٹریٹ اپریزمنٹ (ویسٹ) کسٹم ہاؤس کراچی کی معرفت خلیل ڈوگر ایڈووکیٹ کے ذریعے فیصل ایسوسی ایٹس اور دیگر 18 امپورٹرز کے خلاف دائر اپیلیں مسترد کردیں اور قرار دیا ہے کہ اپیل کنندہ (کسٹم) کو اس طرح رقوم کی وصولی کا اختیار ہی نہیں تھا جو اس نے اس کیس میں اختیار کیا ہے اور بغیر کسی قانونی کارروائی کے رضا کارانہ وصولی کی گئی جس کو بعد ازاں حتمی طور پر کسٹم کے خلاف فیصلہ متعلقہ فورمز نے دیا اور کسٹم کو ان ڈیمانڈ نوٹسز کو عدالت کے روبرو واپس لینا پڑا۔ یہ بات جسٹس محمد جنید غفار اور جسٹس آغا فیصل پر مشتمل دو رکنی بنچ نے اپنے 26 مارچ 2021 کے فیصلے میں کہی ہے جو اس نے کسٹم کی جانب سے خصوصی کسٹم ریفرنس درخواست نمبر 42 تا 59 برائے سال 2018 کے سلسلے میں دائر کی گئی اپیل کا فیصلہ دیتے ہوئے کہی ہے۔ عدالت عالیہ نے قرار دیا ہے



کہ کسٹم ایکٹ کی دفعہ 33 کا اطلاق اس کیس پر نہیں ہوتا ہے کیونکہ اس کیس میں کسی نادانی، غلطی، غلط تعبیر کی وجہ سے ادائیگی نہیں کی گئی جبکہ حتمی طور پر اس بات کا بھی فیصلہ ہوگیا ہے کہ یہ وصولی غیر قانونی تھی۔ لہٰذا اگر یہ فرض بھی کرلیا جائے کہ ریفنڈ کلیم 2011 میں داخل کئے گئے اور وہ ٹائم بارڈ تھے تو وہ اب بھی ریفنڈ فائل کئے جاسکتے ہیں۔ کیونکہ اب یہ ریفرنسز مسترد کردیئے گئے ہیں لہٰذا ٹائم بارڈ کا کوئی اطلاق نہیں ہے اس طرح دفعہ 19-A کا اطلاق بھی اس کیس میں نہیں ہوتا ہے کیونکہ سپریم کورٹ پہلے ہی فیصلہ دے چکی ہے کہ اگر کوئی بھی ڈیوٹی جو مملکت نے اپنے آئینی اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے وصول کی ہو اس پر دفعہ 33 کے تحت ٹائم بارڈ کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ 2003 میں انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے دفتر پر چھاپے کے نتیجے میں پہلے 490 امپورٹرز کو ڈیمانڈ نوٹسز جاری کئے گئے تھے اور اس وقت کی آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور کراچی چیمبر آف کامرس کے نمائندوں نے کسٹم حکام سے معاملات کو طے کراتے ہوئے عبوری طور پر ڈیمانڈ نوٹس کی رقم کا 15 فیصد کی ادائیگی کا معاملہ طے کرایا تھا جس پر بعض امپورٹرز نے مجموعی طور پر پانچ کروڑ سے زائد کی رقم کسٹم کے متفرق اکاؤنٹ میں جمع کرائی تھی بعد ازاں یہ ڈیمانڈ نوٹسز کسٹم نے عدالتی حکم پر واپس لے کر شوکاز جاری کئے تھے۔ اور ایڈجوڈکشن نے شوکاز نوٹس کے جواب میں اکرام برادرز، لاہور کے ایک کیس کے فیصلے کی بنیاد پر اس کا اطلاق تمام امپورٹرز پر بغیر کوئی دستاویزی ثبوت فراہم کئے کردیا تھا بعد ازاں کسٹم ٹریبونل نے ایڈجوڈیکشن کا فیصلہ غیر قانونی قرار دیا تھا جس کے خلاف کسٹم نے یہ ریفرنسز داخل کئے تھے جسے اب سندھ ہائی کورٹ نے مسترد کردیا اور ٹریبونل کے فیصلے کو برقرار رکھا ہے جبکہ ریفنڈ کی اپیل میں بھی کسٹم کا ٹائم بارڈ کا موقف مسترد کردیا ہے۔ اس طرح پیپر مرچنٹس کی 2003 میں شروع ہونے والی طویل جنگ اب اپنے اختتامی مراحل میں ہے انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا نے تمام پیپر مرچنٹس کو اس تاریخی فیصلے پر مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ جلد ہی اس ریفنڈ کی وصولی کے لیے کارروائی کا آغاز کردیا جائے گا اور جن امپورٹرز نے کسٹم کے جبری اقدامات کے نتیجے میں یہ رقوم جمع کرائی تھیں وہ انہیں واپس مل جائیں گی۔

## توصیف علوی انتقال کر گئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) اپیما سدرن زون کی رکن فرم سمیع برادرز کے توصیف علوی گزشتہ ہفتے یہاں انتقال کر گئے۔

## رمضان المبارک میں بینکوں کے اوقات کار پونے دو بجے تک ہونگے

(کراچی پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ رمضان المبارک 2021 کے لیے کمرشل بینکوں کے اوقات کار پیر تا جمعرات صبح 8 بجے تا دوپہر پونے دو بجے تک ہوں گے جبکہ جمعہ کو یہ اوقات صبح 8 بجے سے ساڑھے بارہ بجے تک اور ہفتے کو صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک ہوں گے۔ ان اوقات کار میں کوئی وقفہ نہیں ہوگا۔ توقع ہے کہ اسٹیٹ بینک اس سلسلے میں جلد ہی نوٹیفکیشن جاری کردے گا۔

## ضروری اعلان

رمضان المبارک میں اوقات کار کی کمی کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاءاللہ 23 اپریل 2021ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن غیر فعال ہو چکی ہے، عاصم اقبال کا خط

## دو سال سے انتخابات نہ ہونے کے باعث تمام اراکین منیجنگ کمیٹی اپنی مدت پوری کر چکے اب کوئی خط تحریر نہیں کر سکتے

### چیئرمین ایف بی آر، ممبر سمیت متعدد کسٹم افسران اور ڈی جی ٹی او کو وکیل کی معرفت خط

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر ڈان کنورٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ عاصم اقبال اور چیئرمین انصاف بزنس پینل نجم الرحمن کی جانب سے مشترکہ طور ایک خط ان کے وکیل کمپنی شاہ رز لا اسلام آباد نے ممبر کسٹم (آپریشن) کو 26 مارچ کو تحریر کیا ہے جس کی کاپی پیپر بزنس کو بھی موصول ہوئی ہے اور یہ خط ایسے وقت لکھا گیا ہے جب کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ نے اسٹیکر پیپر اور ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر کی نئی ویلیوایشن رولنگ کے لیے یکم اپریل 2021 کو اجلاس طلب کر رکھے تھے۔ یہ خط آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی رولنگ کے معاملہ پر پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو نمائندگی سے روکنے کے لیے تحریر کیا گیا ہے۔ اس خط میں عاصم اقبال نے موقف اختیار کیا ہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے گزشتہ دو سالوں سے انتخابات منعقد نہیں ہوئے ہیں اور اس کے تمام اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اپنی مدت پوری کر کے ریٹائر ہو گئے ہیں لہٰذا اس وقت اپیما عضو معطل ہو گئی ہے اور 30 ستمبر 2020ء کے بعد ایسوسی ایشن کی نمائندگی کا کسی کو کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ عاصم اقبال نے مزید کہا ہے کہ اس سلسلے میں ڈی جی ٹی او کو پہلے ہی درخواست کی جا چکی ہے اور ان سے اپیما کے روزمرہ کے امور نمٹانے کے لیے ''ایڈمنسٹریٹر'' مقرر کرنے کی استدعا کی گئی ہے یہ درخواست ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن کے پاس زیر التوا ہے ڈان پیپر کنورٹیک کے عاصم اقبال اور نجم الرحمن نے اپنے خط میں مزید کہا ہے کہ ایسوسی ایشن کے سیکریٹری جنرل عادتاً اپنے فرائض کی انجام دہی میں غیر قانونی کام کر رہے ہیں اور ہمیشہ جانبدارانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے اپیما کے آئین، قواعد وضوابط اور قانون کی خلاف ورزیوں کے مرتکب ہو رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ ڈی جی ٹی او نے ان خلاف ورزیوں اور غیر قانونی اقدام پر 17 اگست 2020 کو اپنے حکم نمبر 10/2020 میں پچاس ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کر رکھا ہے۔ عاصم اقبال نے مزید کہا ہے کہ سیکریٹری جنرل اور سابق اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اپنی مدت مکمل کرنے کے بعد بھی خود کو مبینہ طور پر قانونی عہدیدار ظاہر کر رہے ہیں اور اپنے غیر قانونی اقدامات کرتے ہوئے مختلف سرکاری اداروں کو ایسوسی ایشن کی جانب سے خطوط لکھ رہے ہیں جس کا مقصد ایسوسی ایشن سے ناجائز فائدہ حاصل کرنا اور اپنے مخالف کاروباری افراد اور اداروں پر اپنا دباؤ قائم کرنا ہے۔ اپیما نے خطوط اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے لکھے ہیں لہٰذا انہیں جعلی، غیر قانونی سمجھا جائے اور ان کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے کیونکہ قانون کے تحت اب ایگزیکٹو کمیٹی کا وجود نہیں ہے اور ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 اور رولز 2013 کے تحت ان کی مدت بیس ستمبر 2020 کو ختم ہو گئی ہے۔ عاصم اقبال نے ممبر کسٹم سے کہا ہے کہ اس لیے ہم نے متعلقہ اداروں کو آگاہ کر دیا ہے کہ وہ سابق ایگزیکٹو کمیٹی اپیما کی جانب سے لکھے گئے خط پر کوئی کارروائی نہ کریں کیونکہ یہ خطوط جعلی ہیں۔ ممبر کسٹم کو آگاہ کرتے ہوئے عاصم اقبال نے کہا ہے کہ ہمارے علم میں یہ بات آئی ہے کہ سابق سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس نے ایک جعلی خط نمبر APPMA/CS/20(746) مورخہ 16.12.2020 کو ممبر کسٹم کے دفتر میں جمع کرایا ہے اور اس کی نقول دیگر دفاتر کو بھی بھیجی گئی ہیں جس کا مقصد ڈان پیپر کنورٹیک کی ساکھ کو نقصان پہنچانا اور اسے بدنام کرنا ہے اس خط میں ممبر کسٹم اور دیگر اداروں کو ڈان کنورٹیک کے قانونی کاروبار کے بارے میں گمراہ کرنا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ اس جعلی خط کے منظر عام پر آنے کے بعد عاصم اقبال نے ڈی جی ٹی او کی توجہ اس جانب مبذول کرائی تھی کہ سابق اراکین ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے لکھے گئے خطوط کی حیثیت کیا ہے؟ جس پر ڈی جی ٹی او نے اپنے خط مورخہ دو فروری 2021 میں واضح فیصلہ دیا کہ 20-2019 کے انتخابات کا انعقاد نہیں ہوا ہے لہٰذا سابق منیجنگ کمیٹی کی جانب سے لکھے جانے والے خطوط غیر قانونی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ڈی جی ٹی او نے غیر قانونی طور پر ایسوسی ایشن کا نام استعمال کرنے سے بھی روک دیا تھا۔ عاصم اقبال نے اپنے خط میں مزید لکھا ہے کہ اس خط کی حیثیت کا فیصلہ تو متعلقہ بااختیار ادارے ہی کریں گے لیکن مسلمہ حقیقت ہے کہ سابق اراکین منیجنگ کمیٹی کو ایسے کوئی خط لکھنے کا اختیار نہیں ہے اس لیے یہ خط آپ کی اطلاع اور ضروری کارروائی کے لیے لکھا گیا ہے۔ عاصم اقبال نے آخر میں اپنے وکیل رضوان شبیر کیانی کی معرفت کہا ہے کہ اس خط کو بھی ان کی جانب سے لکھے گئے 19 دسمبر 2020 کے خط کا حصہ اور جز و سمجھا جائے اس کے علاوہ عاصم اقبال نے اپنے خط میں ممبر کسٹم آپریشن سے یہ بھی درخواست کی ہے کہ وہ محمد انیس کے خلاف دھوکہ دہی، خود کو غیر قانونی طور پر ایسوسی ایشن کا عہدیدار ظاہر کرنے اور مجرمانہ طور پر اراکین کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانے پر قانونی کارروائی کی جائے اس کے علاوہ اس خط یا اس کے علاوہ مزید کسی خط کو جو سابق ممبران منیجنگ کمیٹی اپیما کی طرف سے لکھا جائے اس پر اعتبار نہ کیا جائے جب تک ایسوسی ایشن کے انتخابات منعقد نہ ہو جائیں اور عہدیدار منتخب نہ ہو جائیں۔ خط میں عاصم اقبال ڈان کنورٹیک نے مزید کہا ہے کہ ایسی کوئی بھی کارروائی جو سیکریٹری جنرل اپیما یا سابق اراکین منیجنگ کمیٹی کی طرف سے لکھے گئے خط پر ہو گی، غیر قانونی تصور ہو گی اور ہم متعلقہ افسران کے خلاف بھی سول اور فوجداری، قانونی کارروائی میں آزاد ہوں گے اور تمام افسران بھی اس غیر قانونی کارروائی میں برابر کے شریک سمجھے جائیں گے۔ اس خط کی نقول چیئرمین ایف بی آر، ڈی جی ٹی او، چیف کلکٹر، ڈی جی کسٹم ویلیوایشن، ڈی جی انٹیلی جنس کسٹم، ڈائریکٹر انٹیلی جنس کسٹم، کلکٹر کسٹم ایسٹ، ویسٹ اور پورٹ قاسم کو بھی ارسال کی گئی ہیں جبکہ بعد ازاں اس کی نقول ڈی جی ویلیوایشن کے پاس بھی جمع کرائی گئی ہے اور انہیں ایسوسی ایشن کو نمائندگی نہ دینے کا کہا ہے کیونکہ یہ غیر فعال ہے۔

## نئے ایف بی آر چیئرمین کی تلاش جاری، جاوید غنی کی مدت میں توسیع کا بھی امکان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی ریونیو بورڈ (ایف بی آر) پر غیر یقینی کے بادل چھائے ہوئے ہیں اور دارالحکومت اسلام آباد میں یہ بات ہوتی نظر آ رہی ہے کہ ادارے کے موجودہ چیئرمین جاوید غنی کو چند روز میں تبدیل کر دیا جائے گا یا بجٹ 22-2021 کے لیے انہیں تین ماہ کی توسیع دی جائے گی۔ جاوید غنی، جو موجودہ دور حکومت میں ایف بی آر کے چوتھے چیئرمین ہیں، کی مدت ملازمت 10 اپریل کو پوری ہو رہی ہے، انہیں پانچ ماہ تک اضافی چارج دینے کے بعد 29 دسمبر 2020 کو ایف بی آر کا مستقل چیئرمین مقرر کیا گیا تھا۔

## نجم الرحمن کی درخواستوں کی سماعت 12 اپریل کو ہوگی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر ارشاد احمد نے نجم الرحمن چیئرمین انصاف بزنس پینل کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر پٹیشنز پر جاری ہونے والے احکامات پر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے خلاف شکایات کی سماعت کے لیے 12 اپریل 2021 دوپہر ساڑھے بارہ بجے کا وقت مقرر کیا ہے جس میں سیکریٹری جنرل کو ذاتی حیثیت میں حاضر ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی سیکریٹری جنرل کو 26 مارچ کے خط میں ڈی جی ٹی او کے پاس زیر التوا معاملات کے فیصلے تک تجدید رکنیت سے بھی روک دیا گیا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سندھ بھر میں جمعہ اور اتوار کو کاروباری سرگرمیاں بند رکھنے کا حکم

کراچی (بزنس ڈیسک) این سی او سی کے فیصلوں پر عمل درآمد کرتے ہوئے محکمہ داخلہ سندھ نے ترمیمی حکم نامہ جاری کردیا، اب سندھ بھر میں جمعہ اور اتوار کو تمام کاروباری سرگرمیاں معطل رہیں گی۔ کورونا وائرس کا پھیلاؤ روکنے کے لیے نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت سندھ نے صوبے بھر میں کاروباری مراکز کے لیے 31 مارچ کو نئے اوقات کار کا اعلان کیا تھا جس کے تحت صوبے میں کاروباری مراکز صبح 6 تا رات 8 بجے تک کھلے رہیں گے تاہم اس میں ابہام کے سبب تاجر پریشان تھے۔ پیر 5 اپریل کو محکمہ داخلہ نے ترمیمی نوٹی فکیشن جاری کردیا جس کے مطابق بازاروں اور شاپنگ مالز کو ہفتے میں یکساں دو روز جمعہ اور اتوار کو بند رکھا جائے گا تاہم میڈیکل اسٹور، کلینک، اسپتال، پٹرول پمپ، بیکریز، دودھ کی دکانیں اور ریستوران (کھانے پینے کے مراکز) پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا۔ محکمہ داخلہ سندھ کے مطابق صوبے بھر میں ان دو دنوں میں کاروبار بند رہے گا، 31 مارچ کو جاری کردہ نوٹی فکشن میں ابہام کے باعث ترمیمی نوٹی فکیشن جاری کیا گیا ہے، قبل ازیں ہر شہر کے لیے الگ الگ سیف ڈیز مقرر کیے گئے تھے جس کے باعث ابہام پیدا ہورہا تھا۔ علاوہ ازیں سندھ بھر میں ہوٹلز ریسٹورنٹ میں انڈور ڈائننگ پر پابندی ہوگی جبکہ آؤٹ ڈور ڈائننگ کی اجازت رات 10 بجے تک ہوگی۔ رات دس بجے کے بعد ٹیک اوے اور ہوم ڈلیوری کی اجازت ہوگی۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229

## کراچی: تاجروں نے ہفتے میں 2 دن کاروبار کی بندش مسترد کردی

کراچی (بزنس ڈیسک) آل سٹی تاجر اتحاد نے ہفتے میں دو دن کاروبار بند نہ کرنے کا اعلان کردیا۔ تاجروں کی احتجاجی ریلی سے تاجر اتحاد کے چیئرمین شرجیل گوپلانی نے خطاب کے دوران کہا کہ سندھ حکومت این سی او سی کے فیصلے کی آڑ لے رہی ہے لہٰذا جمعہ کو تمام مارکیٹیں کھلیں گی اور ہم دو دن چھٹی کے نوٹیفکیشن کو مسترد کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ متعلقہ ذمہ داروں نے ہم سے مذاکرات نہ کیے تو وزیراعلیٰ اور گورنر ہاؤس دونوں جگہوں پر جاسکتے ہیں۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے رہنما محمد حسین نے کہا کہ کراچی کے تاجروں سے اظہار یکجہتی کیلیے آیا ہوں، ایم کیو ایم تاجروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انھوں نے کہا کہ تاجروں کے موقف کی حمایت کرتے ہیں۔ دو دن کاروبار بند کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے۔ جس شہر میں کورونا پھیلنے کی شرح صرف دو فیصد ہو وہاں یہ پابندی معاشی قتل ہے۔ انھوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت کراچی کو معاشی طور پر تباہ کررہی ہے۔ تاجر رہنما جمیل احمد پراچہ نے کہا کہ حکومت سے گزارش ہے کہ مسئلے کا حل نکالیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ ٹوکن احتجاج ہے اگر ہماری بات نہ سنی گئی تو تین دن بعد بڑا احتجاج ہوگا۔

## دو روز کاروبار بند کرنے کے فیصلے پر نظرثانی کی جائے، کراچی چیمبر

کراچی (بزنس ڈیسک) بزنس مین گروپ کے چیئرمین زبیر موتی والا اور صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری شارق وہرہ نے سندھ حکومت سے ہفتہ میں دو دن تمام تجارتی و کاروباری سرگرمیاں بند رکھنے کے فیصلے پر نظرثانی کرنے کی اپیل کی ہے، چھوٹے تاجر اور دکاندار طبقہ پہلے ہی شدید بحرانوں سے دوچار ہے اور اپنے کاروبار کو برقرار رکھنے کے لیے سخت جدوجہد کررہا ہے، انہوں نے وزیراعلیٰ مراد علی شاہ، وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، چیف سیکریٹری ممتاز علی شاہ اور کمشنر کراچی نوید احمد شیخ کو ارسال کیے گئے خطوط میں کہا ہے کہ ہم کورونا وائرس کے مزید پھیلاؤ کو روکنے کے لیے حکومت سندھ کی تمام کوششوں کو سراہتے ہیں لیکن مسلسل دو دن کاروبار کو مکمل طور پر بند رکھنے کا فیصلہ کسی صورت بھی اچھا آئیڈیا نہیں ہے، رمضان المبارک سے 8 سے 10 دن قبل اور ماہ مقدس کے آخری 15 سے 20 دن کاروبار کے لیے انتہائی اہم ہوتے ہیں، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کو کچھ اور ممکنہ حل نکالنا چاہیے جس سے ہر ایک کو وبائی مرض سے بچایا جاسکے اور غریب دکانداروں اور چھوٹے تاجروں کو بھی نقصان نہ ہونے کو یقینی بنایا جاسکے، علاوہ ازیں وفاق ایوانہائے صنعت وتجارت کے صدر میاں ناصر حیات مگوں نے بھی ہفتے میں 2 دن کاروبار بند کرنے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کاروبار بند کرنا مسئلے کا حل نہیں ہے، ہماری تو کوشش اور رائے ہے کہ حکومت ہفتے میں ایک دن بھی کاروبار بند نہ کرے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہر قائد میں کاروبار مکمل ایس او پیز کے ساتھ جاری رکھنے کی اجازت دی جائے۔

## کورونا ایس او پیز، کراچی وحیدرآباد میں پولیس متحرک

کراچی، حیدر آباد (بزنس ڈیسک) کورونا ایس او پیز، کراچی وحیدرآباد میں گزشتہ دنوں پولیس متحارک، تجارتی و کاروباری مراکز بند کروادیے، تاجروں کی مزاحمت، تلخ کلامی، ہاتھاپائی، پولیس کا کہنا ہے کہ دکاندار حضرات کورونا ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنائیں، ضلعی انتظامیہ کے احکامات کے مطابق ہفتہ اور اتوار تجارتی سرگرمیاں معطل رکھیں۔ ذرائع کے مطابق کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس نے کورونا ایس او پیز کے نام پر تجارتی مراکز کو بند کرانا شروع کردیا جب کہ تاجروں کی مزاحمت پر متعدد بازاروں میں تلخ کلامی اور ہاتھا پائی کے واقعات بھی رونما ہوئے ہیں، نائب صدر کراچی تاجر اتحاد رانا اکرم نے کہا کہ حکومت کی جانب سے تاحال مارکیٹیں بند کرنے کا کوئی تحریری حکم نامہ جاری نہیں ہوا، لیکن پولیس غیر اعلانیہ طور پر مارکیٹس بند کرارہی ہے، مارکیٹس بند کرانے میں متعلقہ علاقوں کے ایس ایچ اوز شامل ہیں، رانا اکرم نے بتایا کہ پولیس نے پرانا حاجی کیمپ، گل پلازہ، بندر روڈ، صدر موبائل مارکیٹ، اولڈ سٹی ایریا، طارق روڈ، ایمپریس مارکیٹ صدر اور برنس روڈ پر واقع مارکیٹیں بند کرادی ہیں، تجارتی مراکز کی اچانک بندش سے تاجروں میں اشتعال پیدا ہوگیا، دکانداروں میں بے چینی، کاروبار بند کریں یا کھولیں، حکومت ابہام دور کرے۔ ادھر پولیس کی جانب سے اعلانات میں کہا گیا کہ دکاندار حضرات کورونا ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور ضلعی انتظامیہ کے احکامات کے مطابق ہفتہ اور اتوار تجارتی سرگرمیاں معطل رکھیں، دوسری جانب محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سندھ حکومت کے جاری نوٹیفکیشن میں ہفتے میں 2 دن مارکیٹس بند کرنے کے احکامات جاری ہوچکے ہیں۔ مزید برآں حکومت سندھ کی جانب سے مارکیٹیں اور بازار جلد بند کرانے کی ہدایت پر حیدرآباد پولیس نے ہفتہ سے عملدرآمد شروع کردیا، ہفتہ کی شب 9 بجے ایس ایس پی حیدرآباد کی ہدایت پر پولیس کی بھاری نفری نے چاندنی موبائل مارکیٹ، طیب سینٹر، ایس آر ٹی سی موبائل مارکیٹ، کینٹ شاپنگ سینٹر، چھوٹکی گھٹی بازار، اسٹیشن روڈ، مارکیٹ ٹاور، لطیف آباد، قاسم آباد سمیت دیگر علاقوں میں مارکیٹیں، بازار اور دکانیں بند کرادیں۔




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

ISO 9001 : 2015
CERTIFED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔
تاکہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں ازخود اطمینان حاصل کرسکیں
آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے۔

رابطے کے لئے **0300-2011313**


**International Business Management**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company In Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Near Burhani Hospital, Karachi-74000, UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com


Certified Quality Management System ISO 9001 : 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Winner of Brands of the year Award 2010
Winner of Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
## GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN ★ 2010 ★

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM ™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT
### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725





5% PERCENT

CUSTOM DUTY BENEFITS AS PER PTA CERTIFICATE

## CARBONLESS PAPER

**NCR, CFB ,CB ,CF ,SC**

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ڈالر پھینک کر روپے کی قدر کو مستحکم نہیں کیا جا سکتا، اسد عمر

کراچی (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ ڈالر پھینک کر روپے کی قدر کو مستحکم نہیں کیا جا سکتا، سی پیک نہ صرف چل رہا ہے بلکہ اس میں توسیع بھی ہو رہی ہے،، مہنگائی بہت بڑا چیلنج ہے، ڈالر پھینک کر روپے کی قدر کو مستحکم نہیں کیا جا سکتا ہے، ہفتے میں 2 روز کاروبار بند کرنے کے حوالے سے سندھ حکومت کے فیصلے کی حمایت کرتے ہیں، انہوں نے سوال کیا کہ برطانوی حکومت نے ریڈ لسٹ میں شامل ممالک کا چناؤ سائنسی بنیاد پر کیا یا اس کی وجہ خارجہ پالیسی ہے؟۔ ہفتہ 3 اپریل کو فیڈریشن ہاؤس کراچی میں ایف پی سی سی آئی ارکان، تاجروں اور صنعت کاروں سے خطاب اور بعد ازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ کابینہ میں مجھ پر تنقید کی جاتی ہے کہ سارا پیسہ کراچی لے جاتے ہیں، پاکستان میں کورونا کیسز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، کراچی میں ہفتے کے دو روز کاروباری مراکز بند کرنے کا حکومتی فیصلہ درست ہے کیونکہ کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے رش کو ختم کرنا بے حد ضروری ہے، وائرس سے بچاؤ کیلئے اگر بروقت اقدامات نہ کیے تو پوری معیشت بند کرنی پڑ سکتی ہے، سی پیک کے ذریعے پاکستان میں روزگار کے مواقع بڑھیں گے، سی پیک نہ صرف چل رہا ہے بلکہ اس میں توسیع بھی ہو رہی ہے، سی پیک کے پہلے صنعتی زون میں چین نے سرمایہ کاری شروع کر رکھی ہے، 11 سال کے بعد 6 ماہ تک 2 ارب ڈالر سے زیادہ کی ترسیلات لگاتار موصول ہوئیں، ایشیا میں ترقی کرتے ممالک نے اپنی برآمدات پر توجہ دی، فیصل آباد اکنامک زون کا افتتاح ہو چکا ہے، سی پیک میں وسعت آ رہی، اہم فیز شروع ہو رہا ہے، سی پیک کے پہلے صنعتی زون میں چین نے سرمایہ کاری شروع کر دی ہے، اسد عمر نے کہا کہ گرین لائن منصوبے پر پیش رفت جاری ہے اور ہماری کوشش ہے کہ کراچی میں گرین لائن بس سروس اگست میں شروع کر دیں، کراچی پورٹ سے پپری تک پائپ لائن بچھائی جائے گی، منصوبے کے لیے بڈنگ دی جا چکی ہے، کراچی کو رواں سال 900 میگا واٹ کی فراہمی کا وعدہ کیا تھا، انشا اللہ 900 نہیں کراچی کو ایک ہزار میگا واٹ دیں گے، کے 4 منصوبے سے متعلق واپڈا کو ذمے داری دی گئی ہے۔ ملک میں مہنگائی بہت بڑا چیلنج ہے، جس کو کنٹرول کرنے کے لئے وزیر اعظم خود سنجیدہ ہیں لیکن اشیا کی قیمتوں میں اضافہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافے کے باعث ہوا، ڈالر پھینک کر روپے کی قدر کو مستحکم نہیں کیا جا سکتا، تحریک انصاف کی ڈھائی سال کی حکومت میں روپے کی قدر میں 16 روپے کا اضافہ ہو چکا ہے، ڈالر 168 روپے سے کم ہو کر 153 روپے کا ہو گیا۔

## بروقت ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کو ایک ہزار روپے دینے کی سفارش

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) نے بروقت انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لئے ایک ہزار روپے نقد فراہم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ مالی سال 2021-22 کی بجٹ تجاویز میں وفاقی ٹیکس محتسب نے کہا ہے کہ بروقت ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے اکاؤنٹ میں ایک ہزار منتقل کرنے سے ٹیکس کا دائرہ کار بڑھانے میں مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے بروقت گوشوارے جمع نہ کرانے والوں پر جرمانہ اور مختلف ٹیکسز کی مخصوص حد تک بروقت ادائیگی کرنے والوں کے لئے دیگر مراعات کی فراہمی سے متعلق قانون سازی کی بھی سفارش کی۔

# پاکستانی روپیہ دنیا کی بہترین کرنسی بن گیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستانی روپیہ دنیا کی بہترین کرنسی بن گیا، 3 ماہ کے دوران ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی کرنسی کی قدر میں 4.09 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ بلوم برگ کی رپورٹ کے مطابق یکم جنوری تا 31 مارچ 2021 کے دوران امریکی ڈالر کے مقابلہ میں پاکستانی روپے کی قدر میں سب سے زیادہ 4.09 فیصد اضافہ ہوا جس کے نتیجہ میں پاکستانی روپیہ دنیا کی بہترین کرنسی بن گیا۔ اس عرصہ کے دوران مختلف ذرائع سے وصول ہونے والے زرمبادلہ اور ڈالرز کی انتہائی کم بیرون ملک منتقلی کے نتیجہ میں پاکستانی کرنسی کی قدر میں نمایاں استحکام ریکارڈ کیا گیا۔ یکم جنوری تا 31 مارچ 2021 کے دوران پاکستان کی کرنسی کی قدر میں 4.09 فیصد اضافہ کے باعث ڈالر کی قیمت 153 . 55 روپے تک کم ہو گئی۔

# سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) محمد جاوید غنی نے کہا ہے کہ رواں سال سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے والوں کی تعداد میں گزشتہ سال کے مقابلے نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ سال ایک لاکھ 67 ہزار 769 ہزار ٹیکس دہندگان نے سیلز ٹیکس ریٹرنز جمع کرائے۔ رواں سال فروری کے اختتام تک یہ تعداد بڑھ کو ایک لاکھ 79 ہزار 584 ہوگئی ہے۔ گزشتہ سال حاصل شدہ ٹیکس کا حجم 536 ارب تھا جو رواں سال 624 ارب ہو گیا ہے۔ جبکہ ٹیکس شرح میں گزشتہ سال کے مقابلے 16.41 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ گوشوارے جمع کرنے والے 8 فیصد اضافے سے 2.8 ملین ہو گئے ہیں۔

AAS A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ میں 11، درآمدی بلیچ بورڈ میں 42 روپے فی کلو تک اضافہ

## قیمتوں میں اضافے کے رجحان میں تیزی کا سلسلہ جاری، پرنٹرز، پبلشر اور صارفین کی پریشانی میں اضافہ، پرائس سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا رجحان جاری وساری ہے، جس کے باعث پرنٹرز، پبلشرز کے ساتھ ساتھ صارفین کو بھی پریشانی کا سامنا ہے، جبکہ اسکولوں کی ایک بار پھر بندش کے باعث اے فور سائز کے بکسز کی قیمتوں میں کمی ہوئی ہے۔ 7اپریل کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا میں 10 روپے فی کلو، ریئل میں 40روپے فی کلو، چینمنگ میں 42روپے فی کلو اور پنڈو ڈیلی میں 5روپے فی کلو اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔جبکہ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل میں 9روپے فی کلو، لاثانی وائٹ میں 4روپے فی کلو، ونر نیچرل بیک میں 5 تا 7روپے فی کلو، ونر براؤن بیک میں 11روپے فی کلو ،میگا ٹاپ میں 6روپے فی کلو اور شاہین نیچرل بیک میں 8روپے فی کلو اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پنڈو آرٹ کارڈ اور نیو یا آرٹ پیپر میں 2روپے فی کلو اور قرآن پیپر میں بھی 7روپے فی کلو اضافہ دیکھا گیا۔فوٹو کاپی اور اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں کمی دیکھنے میں آئی۔ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 310روپے سے بڑھ کر 312 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128اور 150 گرام، 230روپے سے بڑھ کر 232روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128اور 150 گرام، 230روپے سے بڑھ کر 232روپے فی کلو ہوگیا ہے۔قرآن پیپر انڈونیشیا، تمام سائز، 60 گرام، 238روپے سے بڑھ کر 245روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام ،98روپے سے بڑھ کر 107روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی وائٹ تمام سائز تمام گرام، 112روپے سے بڑھ کر 116روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر نیچرل بیک تمام سائز 250اور 300 گرام، 103روپے سے بڑھ کر 110روپے، تمام سائز 350 گرام، 103روپے سے بڑھ کر 110روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام 95روپے سے بڑھ کر 106روپے فی کلو ہوگیا ہے ۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 90روپے سے بڑھ کر 96روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250-300 گرام، 88روپے سے بڑھ کر 96روپے، تمام سائز 350 گرام، 88روپے سے بڑھ کر 96روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 270روپے سے بڑھ 280فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ریئل تمام سائز تمام گرام 225روپے سے بڑھ کر 265روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 233روپے سے بڑھ کر 275روپے فی کلو ہوگیا ہے۔انڈونیشین بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی 260روپے سے بڑھ کر 265روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 510روپے سے کم ہو کر 485روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی 80 گرام، 600روپے سے کم ہو کر 570روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B ۔70 گرام، 650روپے سے کم ہو کر 620روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام، 480روپے سے کم ہو کر 440روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 70 گرام، 520روپے سے کم ہوکر 495روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 80 گرام، 620روپے سے کم ہو کر 590روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 525روپے سے کم ہو کر 500روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 610روپے سے کم ہو کر 600روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی F4B-13۔70 گرام، 625روپے سے کم ہوکر 615روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔70 گرام، 670روپے سے کم ہوکر 645روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی A3۔70 گرام، 1150روپے سے کم ہوکر 1110روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سگنیچر 80 گرام، 660روپے سے کم ہو کر 645روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن گولڈن 80 گرام، 650روپے سے کم ہو کر 630روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون 70 گرام، 540روپے سے بڑھ کر 545روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 600روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 700روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30سائز، 2300روپے سے کم ہوکر 2275روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30سائز، 2300روپے سے کم ہوکر 2275روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30سائز، 2300روپے سے کم ہوکر 2275روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر سستا

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں منگل 6اپریل کو روپے کے مقابلے ڈالر سستا ہو گیا۔فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 6اپریل کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 40 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 153.60 روپے سے کم ہوکر 153.20 روپے اور قیمت فروخت 153.70 روپے سے کم ہوکر 153.30 روپے ہوگئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر 40 پیسے سستا ہوگیا جس کے بعد ڈالر کی قیمت خرید 153.60 روپے سے کم ہو کر 153.20 روپے اور قیمت فروخت 153.90 روپے سے کم ہوکر 153.50 روپے ہوگئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 50 پیسے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے یورو کی قیمت خرید 179.50 روپے سے بڑھ کر 180 روپے اور قیمت فروخت 181.30 روپے سے بڑھ کر 181.80 روپے ہوگئی تاہم 50 پیسے کی کمی سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 211.50 روپے سے کم ہوکر 211 روپے اور قیمت فروخت 213.50 روپے سے کم ہوکر 213 روپے پر آ گئی۔

## 180 ارب روپے سے زائد کی منی لانڈرنگ کے 136 مقدمات درج

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر کے ڈائریکٹوریٹ آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈ ریونیو نے 180 ارب روپے سے زائد کی منی لانڈرنگ کے 136 کیسز درج کیے ہیں اور ان میں سے 75ارب روپے سے زائد مالیت کے 30 کیسز کے چالان جمع کرا دیئے گئے ہیں، ڈی جی انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈ ریونیو ڈاکٹر بشیر اللہ خان کی سربراہی میں تحقیقات کے دوران منی لانڈرنگ اور بے نامی کیسز کی نشاندہی ہوئی اور ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر پوائنٹ آف سیل نظام سے 10283 مشینیں منسلک

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے پوائنٹ آف سیل نظام کے اطلاق کو یقینی بنانے کے لئے ملک کے بڑے شہروں میں اقدامات جاری ہیں اور اب تک اس نظام سے 10283 سے زائد مشینیں منسلک ہو چکی ہیں۔ ایف بی آر کے حکام نے بتایا کہ ملک کے بڑے شہروں میں ٹیئر۔ون میں آنے والے ریٹیل اسٹورز میں پوائنٹ آف سیل نظام کے اطلاق کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے اور اس ضمن میں فیلڈ دفاتر کو اہداف بھی دیے گئے ہیں۔ اس نظام کے تحت ریٹیل اسٹورز پر خریداری کرتے وقت ہی رسید کی کاپی خود کار نظام کے تحت ایف بی آر کے نظام کا حصہ بن جاتی ہے۔ حکام نے بتایا کہ کوشش کی جارہی ہے کہ ٹیئر۔ون میں آنے والے تمام ریٹیلرز کو اس نظام سے منسلک کیا جائے۔ حکام نے بتایا کہ بڑے شاپنگ مالز میں دسمبر 2019 سے اس نظام کا آغاز کیا گیا تھا اور اب تک مختلف ریٹیل اسٹورز پر سے 10283 سے زائد مشینوں کو اس نظام سے منسلک کر دیا گیا ہے۔

## چیک باؤنس ہونے پر ملزم کی ضمانت کیوں منظور کی؟ جج کو خاتون نے پرس ماردیا

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) مشتعل خاتون نے ملزم کی درخواست ضمانت منظور کرنے پر سول جج کو ہینڈ پرس مار دیا۔ سول جج کی عدالت میں مشتعل خاتون نے ملزم کی درخواست ضمانت منظور کرنے پر سول جج سردار عمر حسن کو ہینڈ پرس مار دیا اور میز پر پڑی فائلیں جج پر اچھالنا شروع کر دیں، سخت جملوں کا بھی اظہار کیا، پرس لگتے ہی جج سماعت ادھوری چھوڑ کر چیمبر میں چلے گئے۔ خاتون کے شور شرابا، گالم گلوچ پر پولیس پہنچ گئی اور لیڈیز پولیس منگوا کر خاتون کو گرفتار کر لیا گیا۔ عدالتی ریڈر کی درخواست پر ملزمہ خاتون کیخلاف دہشتگردی ایکٹ اور دھمکیاں دینے پر مقدمہ بھی درج کر لیا گیا۔ ریڈر راجہ کامران نے پولیس کو بتایا کہ مجھ سے اس خاتون نے پوچھا کہ محمد وقاص کے کیس میں کیا کارروائی ہوئی، میں نے لسٹ چیک کر کے بتایا ملزم کی مبینہ جعلی چیک کیس میں ضمانت منظور کر لی گئی ہے، خاتون مشتعل اور آگ بگولہ ہوگئی اور کہا کہ وہ اس کیس کی مدعیہ ہے، بدتمیزی اور گالم گلوچ کی، جج کو گالیاں دینے لگی کہ ضمانت کیوں منظور کی؟


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


# کاروباری مواقع
# TENDERS

## انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر و کارڈ کا ٹینڈر

فائل کارڈ (لائٹ بلیو) سائز 250,22x28 گرام، تعداد 200 پیکٹ

کرافٹ پیپر، ڈارک براؤن، سائز 80,35x47 گرام، تعداد 100 ریم۔

کرافٹ پیپر، لائٹ براؤن، سائز 80,35x40 گرام، تعداد 200 ریم۔

کرافٹ پیپر، لائٹ براؤن، سائز 80,31x44 گرام، تعداد 300 ریم۔

کرافٹ پیپر، وائٹ، سائز 80,31x44 گرام، تعداد 25 ریم۔

اسکیلر پیپر، سائز 160,65x76cm گرام، تعداد: 30 پیکٹ۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اپریل 2021ء

برائے رابطہ: سیکریٹری 86۔ موزینگ روڈ، لاہور۔

فون: 309-042-99200192-7 EXT:275

## اسٹیٹ لائف کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: SLIC/H&AI/P&GS/005/2021

بک لیٹ، پوسٹر اور بینرز کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 اپریل 2021ء

برائے رابطہ: سیکریٹری زونل پروکیورمنٹ کمیٹی، پہلی منزل، 34۔ دی مال، پشاور کینٹ۔

فون: 091-9213949

## فشریز ڈویلپمنٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اپریل 2021ء

برائے رابطہ: پروجیکٹ منیجر، آرچرڈ اسکیم، مری روڈ، اسلام آباد۔

فون: 051-9330561

## آڈیٹر جنرل کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

آڈٹ رپورٹس کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اپریل 2021ء

برائے رابطہ: ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ پنجاب ساؤتھ، ملتان۔

فون: 061-9330192

## بینک آف پنجاب کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

اکاؤنٹ اسٹیمنٹ، سرٹیفکیٹ، نوٹسز اور لیٹرز کی پرنٹنگ۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اپریل 2021ء

برائے رابطہ: ہیڈ سینٹرل لائنز پروکیورمنٹ، پہلی منزل ہیڈ آفس، BOP ٹاور، 10-B، بلاک-6/II، گلبرگ-3، لاہور۔

فون: 042-3578409


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کراچی: آن لائن ٹیکس ادائیگی کے نظام کو مزید اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، ڈی جی ایکسائز

## ٹیکس دہندگان با آسانی اپنے تمام چالان ازخود حاصل کرسکیں گے اور محکمے کے آن لائن پورٹل کے ذریعے ٹیکس جمع کراسکیں گے، اجلاس میں گفتگو

